58th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد



## گریزمین کا ۲ سالہ معاہدہ

فرانس کے فٹبالر انطوان گریزمین اور امریکی کلب اورلینڈو سٹی کے درمیان آئندہ ۲ سالہ معاہدہ طے پاگیا ہے، جس کے تحت وہ ۲۰۲۷-۲۸ سیزن تک ٹیم کا حصہ رہیں گے جبکہ کلب کے پاس مزید ایک سال کی توسیع کا اختیار بھی موجود ہوگا۔ امریکی خبر رساں ادارے ای ایس پی این کے مطابق اورلینڈو سٹی نے کہا ہے کہ انطوان گریزمین کے ساتھ یہ معاہدہ طبی معائنے۔ (تفصیلات اندر)



## ووڈز کی میدان میں واپسی

ٹائیگر ووڈز نے ایک طویل انتظار کے بعد مسابقتی گولف میں واپسی کرلی ہے۔ ایک سال سے زائد عرصہ انجری کے باعث میدان سے دور رہنے کے بعد، ۵۰ سالہ اسٹار کھلاڑی نے آئندہ ماہ شیڈول «دی ماسٹرز» گولف ٹورنامنٹ میں شرکت کے لیے اپنی تیاریوں کی تصدیق کر دی ہے۔ ٹائیگر ووڈز نے انڈور ٹیم لیگ کے فائنل راؤنڈ میں شرکت کی۔ (تفصیلات اندر)


www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 83 | صفحات: 08 | ۲۶ مارچ ۲۰۲۶ بروز جمعرات بمطابق ۶ شوال ۱۴۴۷ | Thursday 26th March 2026 | جلد نمبر 58

## تمام شہریوں کیلئے یکساں قانون بی جے پی کی اولین ترجیح/ امت شاہ

## بی جے پی کی ریاستی حکومتیں اس سمت مسلسل آگے بڑھ رہی ہیں



نئی دہلی/ یو این آئی/ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارتیہ جنتا پارٹی کی ہمیشہ سے یہ ترجیح رہی ہے کہ ملک خوشامدی کی بنیاد پر نہیں بلکہ تمام شہریوں کے لئے یکساں قانون کے تحت چلایا جائے۔ گجرات اسمبلی میں 'یکساں سول کوڈ) 'یوسی سی) بل پاس ہونے پر مسٹر شاہ نے بدھ کے روز سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں کہا، "ملک میں ہر شہری کے لیے ایک جیسا قانون ہو، یہ بی جے پی کا قیام سے ہی عزم رہا ہے۔ مودی جی کی قیادت میں بی جے پی کی ریاستی حکومتیں اس سمت مسلسل آگے بڑھ رہی ہیں۔ مجھے خوشی ہے کہ اتراکھنڈ کے بعد اب گجرات نے بھی یکساں سول کوڈ بل پاس کرنے کا تاریخی کام کر کے اپنی وابستگی ظاہر کی/ 1




## رواں ماہ کے آخری دو دنوں میں برف باری کا امکان ہے

## بالائی علاقوں کے لوگوں کو احتیاط برتنے کی ماہرین موسم کی اپیل

سرینگر/ ایس این این/ خوشگوار موسمی صورتحال کے بیچ محکمہ موسمیات نے آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بارشوں اور برفباری کی پیشگوئی کرتے ہوئے بالائی علاقوں میں تودے گر آنے کی وارننگ جاری کرتے ہوئے لوگوں سے احتیاط برتنے کی اپیل کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 28 مارچ سے بارشوں اور برفباری کے نتیجے میں ٹریفک نظام میں خلل ہونے کے علاوہ باغات میں بھی نقصان ہوسکتا ہے جبکہ باغ مالکان سے تاکید کی گئی ہے کہ وہ کچھ دنوں بعد باغات میں چھڑکاؤ کریں۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق وادی کشمیر میں کئی دنوں تک خوشگوار موسم کے بیچ مغربی ہوائیں جموں کشمیر میں اثر انداز ہوگئی ہے جس کے نتیجے میں موسمی صورتحال میں پھر تبدیلی آنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق جموں و کشمیر میں مغربی ہوائیں داخل ہوں گی جس سے 27 مارچ تک درمیانے درجے سے لے کر موسلا دھار بارش/ 2

## جموں و کشمیر کی تیز رفتار ترقی کے لئے کام کرنا ہوگا/ لیفٹیننٹ گورنر

## جموں میں اِنڈین سوسائٹی فار ٹریننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کے جموں چیپٹر کا اِفتتاح

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے بدھ کے روز شراکت داروں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تعاون کو ترجیح دیں اور ایسا ماحول پیدا کریں جہاں نیٹ ورکنگ، بہترین طریقۂ کار، قومی و بین الاقوامی تجربات اور مشترکہ تربیتی پروگراموں کے ذریعے ایک مضبوط پیشہ ور کمیونٹی کی تعمیر کی جا سکے۔ اُنہوں نے کہا،''آج کے چیلنجز پیچیدہ اور کثیر جہتی ہیں۔ ان کا حل صرف اجتماعی کوششوں سے ممکن ہے اور ہمیں جموں و کشمیر کی تیز رفتار ترقی کے لئے اسی سمت میں کام کرنا ہوگا۔'' لیفٹیننٹ گورنر نے اِس بات پر زور دیا کہ مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے اَفراد اِکٹھے ہوں تا کہ غور وخوض کریں، تجربات کا اِشتراک کریں اور مشترکہ طور پر مسائل کا حل تلاش کریں۔ اُنہوں نے کہا کہ تعاون اور بات چیت کے ذریعے ہم یونین ٹیریٹری کے لئے ایک مضبوط اور جامع ترقیاتی ماڈل تشکیل دے سکتے ہیں۔ اُنہوں اِن باتوں کا اِظہار پدم شری پدما سچدیو گورنمنٹ پی جی کالج برائے خواتین گاندھی نگر جموں میں منعقدہ 'اِنڈین سوسائٹی فار ٹریننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کے جموں چیپٹر' کی اِفتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے نئی شروعات کے لئے اِنڈین سوسائٹی فار ٹریننگ اینڈ ڈیولپمنٹ (آئی ایس ٹی ڈِی) کی پوری ٹیم کو مُبارک باد دِی۔ اُنہوں نے کہا کہ آئی ایس ٹی ڈِی کا جموں چیپٹر سیکھنے اور ترقی کے نظام کو مضبوط بنانے میں اہم کردار اَدا کرے گا اور یہ جموں کو تربیت اور پیشہ ورانہ ترقی کے علاقائی مرکز کے طور پر اُبھارے گا۔ اُنہوں نے آئی ایس ٹی ڈِی کے جموں چیپٹر کو ہدایت دی کہ وہ روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور انٹر پرینیورشپ پر توجہ مرکوز کرے اور مقامی صلاحیتوں کو عالمی سطح پر مسابقتی بنائے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا،''مستقبل چیلنجوں سے بھرا ہوا ہے لیکن اس میں بے شمار مواقع بھی ہیں۔ ہمیں ان مواقع سے فائدہ اُٹھانے کے لئے خود کو تیار رکھنا ہوگا۔'' اُنہوں نے کہا کہ تعلیم کا مقصد صرف علم فراہم کرنا نہیں بلکہ طلباً کو زِندگی کے چیلنجوں اور مواقع کے لئے تیار کرنا بھی/ 5



## ڈویژنل کمشنر (کشمیر) کی افواہوں پر یقین نہ کرنے کی اپیل

## ضروری اشیائے خورونوش کی سپلائی کا پورا انتظام مسلسل نگرانی میں ہونے کا اعلان



سرینگر/ یو پی آئی/ وادی کشمیر میں گزشتہ دو روز سے سوشل میڈیا اور مقامی سطح پر گردش کرنے والی افواہوں نے عوام میں غیر یقینی کی صورتحال پیدا کر دی ہے، جن میں مبینہ طور پر کسی ممکنہ لاک ڈاؤن یا ضروری اشیائے خورونوش کی قلت کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا تھا۔ افواہوں کے پھیلتے ہی کچھ علاقوں میں لوگوں نے ضروری اشیاء جمع کرنا شروع کر دیں، جبکہ پیٹرول پمپوں پر بھی معمول سے زیادہ رش دیکھا گیا۔ اسی صورتحال کے پیش نظر صوبائی انتظامیہ نے عوام کو مکمل طور پر پرسکون رہنے کی اپیل کی ہے۔ صوبائی کمشنر کشمیر انشل گراگ کے سری نگر میں نامہ نگاروں سے بات چیت کے دوران کہا کہ لوگ افواہوں پر بالکل بھی توجہ نہ دیں۔ کسی قسم کی گھبراہٹ کی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کشمیر میں ضروری اشیائے خورونوش کی سپلائی کا پورا انتظام مسلسل نگرانی میں ہے اور انتظامیہ اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ اشیاء  مناسب مقدار میں دستیاب رہیں اور ان کی ترسیل بلا تعطل جاری رہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر کسی قسم کے لاک ڈاؤن یا پابندیوں سے متعلق کوئی فیصلہ لیا گیا تو حکومت اس کا اعلان باضابطہ کرے گی، اور عوام کو براہِ راست سرکاری ذرائع سے آگاہ کیا جائے گا۔ ان کا کہنا/ 4

## سوشل میڈیا پر گشت کرنے والی افواہوں سے ہوشیار/ IOC

## بعض علاقوں میں ایندھن کی قلت کی خبروں کو ''مکمل طور پر بے بنیاد'' قرار دیا

سرینگر/ کے این ایس/ سرکاری ملکیت والی تیل کمپنیوں نے بدھ کو کہا کہ ملک میں پٹرول، ڈیزل یا ایل پی جی کی کوئی کمی نہیں ہے، شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی افواہوں پر یقین نہ کریں۔ انڈین آئل کارپوریشن (IOC)، جو ملک کی سب سے بڑی تیل کمپنی ہے، نے کہا کہ "پٹرول یا ڈیزل کی کوئی کمی نہیں ہے"، انہوں نے مزید کہا کہ اس کے آؤٹ لیٹس "اچھی طرح سے ذخیرہ اور مکمل طور پر کام کر رہے ہیں"۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق اس نے متنبہ کیا کہ افواہیں "غیر ضروری تشویش پیدا کر سکتی ہیں اور سپلائی کے معمول میں خلل ڈال سکتی ہیں" اور شہریوں پر زور دیا کہ " گھبرانے والی خریداری سے گریز کریں اور صرف تصدیق شدہ معلومات پر انحصار کریں"۔ بھارت پیٹرولیم کارپوریشن/ 3

## ''رشوت'' کی رقم وصول کرتے ہوئے نائب تحصیلدار موقعہ پر گرفتار

## سرکاری دفاتر میں بدعنوانی کو روکنے کیلئے جاری کوششوں کا حصہ/ حکام

سرینگر/ یواین ایس/ انسداد بدعنوانی بیورو (اے سی بی) نے بدھ کے روز جنوبی کشمیر کے ضلع اننت ناگ کے بجبہاڑہ علاقے کے تحصیل آفس آرونی میں تعینات ایک نائب تحصیلدار کو مبینہ طور پر 22000 روپے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا۔ یہ کارروائی اے سی بی جنوبی کشمیر کی ایک ٹیم نے کی جس کی سربراہی ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس روف احمد کر رہے تھے مبینہ بدعنوانی سے متعلق مخصوص معلومات کے بعد کیا گیا۔ حکام نے بتایا کہ ملزم اہلکار مشتاق احمد بٹ، جو بڈگام ضلع کے ناربل کا رہائشی ہے، رشوت وصول کرتے ہوئے جائے وقوعہ پر پکڑا گیا۔ یہ کارروائی انسداد بدعنوانی بیورو کی جانب سے سرکاری دفاتر میں بدعنوانی کو روکنے کے لیے جاری کوششوں کا حصہ ہے، خاص طور پر ریونیو کے محکموں میں جہاں عوامی خدمات کی فراہمی پر کڑی نظر رکھی جاتی ہے۔ حکام نے بتایا کہ ٹریپ آپریشن کو کامیابی سے انجام دینے کے بعد ملزم کو فوری طور پر حراست میں لے لیا گیا، اور رشوت کی رقم موقع پر ہی برآمد کر لی گئی۔ حکام نے مزید کہا کہ گرفتاری کے بعد، مشتاق احمد بٹ کو مزید قانونی کارروائی کے لیے اونتی پورہ لے جایا گیا۔

## جنگل سے ملا بارودی شیل، پولیس نے محفوظ طریقے سے ناکارہ بنایا

## تاکہ شہریوں اور سیکورٹی اہلکاروں کے جان و مال کو کوئی نقصان نہ پہنچے/ حکام

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں و کشمیر پولیس نے ایل او سی کے قریب بارہمولہ کے جنگلاتی علاقے میں برآمد ہونے والے لائیو آرٹلری شیل کو بروقت کارروائی کرتے ہوئے محفوظ طریقے سے ناکارہ بنا دیا۔ واقعہ بدھ کے روز اُس وقت پیش آیا جب اوڑی کے کلگئی جنگل میں ایک زندہ شیل کی موجودگی کی اطلاع مقامی پولیس کو موصول ہوئی۔ سرکاری ذرائع کے مطابق اطلاع ملتے ہی پولیس کی ٹیم موقع پر پہنچی، علاقے کا گھیراؤ کیا اور تمام احتیاطی اقدامات اختیار کیے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔ بعد ازاں پولیس کے بم ڈسپوزل اسکواڈ کو موقع پر طلب کیا گیا۔ بم ڈسپوزل اسکواڈ نے شیل کا تکنیکی معائنہ کرنے کے بعد اسے طے شدہ سیکورٹی طریقہ کار کے تحت کامیابی سے ناکارہ بنایا۔ حکام کا کہنا ہے کہ کارروائی انتہائی مہارت اور پیشہ ورانہ طریقے سے انجام دی گئی، تاکہ شہریوں اور سیکورٹی اہلکاروں کی جان و مال کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔ یہ علاقہ بارہمولہ کے حساس زون میں آتا ہے، جہاں ماضی میں بھی اس نوعیت کی چیزیں ملنے کے واقعات پیش آتے رہے ہیں۔

## ماگام میں نامعلوم آٹو کی ٹکر سے ASI موقعہ پر جان بحق

## جھیل ڈل کے گھاٹ نمبر 5 کے پاس نامعلوم انسانی لاش برآمد

سرینگر/ جے کے این ایس/ ایک ریٹائرڈ پولیس اسسٹنٹ سب انسپکٹر منگل کو دیر رات شمالی کشمیر کے ماگام علاقے میں بدرن بس اسٹاپ کے قریب دری پورہ اڈینا میں ایک نامعلوم آٹو کی زد میں آنے کے بعد ایک سڑک حادثے میں ہلاک ہوگیا۔ حکام نے بتایا کہ متوفی کی شناخت غلام محمد وار ولد غلام احمد ساکنہ ادینہ، بڈگام کے طور پر کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حادثے کے نتیجے میں اس کی موقع پر ہی موت واقعہ ہوگئی، جب کہ آٹو ڈرائیور، جس کی شناخت کا ابھی پتہ نہیں چل سکا ہے، کو بھی چوٹیں آئیں اور اسے علاج کیلئے جے وی سی اسپتال منتقل کیا گیا۔ اس دوران سری نگر میں ڈل جھیل کے قریب سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی۔ حکام نے بتایا کہ بدھ کی صبح سری نگر کے ڈل جھیل علاقے کے قریب ایک سڑک کے کنارے ایک نامعلوم لاش ملی۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ لاش گھاٹ نمبر 5 کے قریب سڑک پر پڑی تھی۔ جب اسے مقامی لوگوں نے دیکھا، جس کے بعد پولیس کو اطلاع دی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ سول پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو قانونی کارروائی کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا۔

## کانگریس کو 24 اکبر روڈ پر

## واقع دفتر خالی کرنے کا نوٹس

نئی دہلی، 25 مارچ (یو این آئی) حکومت نے کانگریس پارٹی کو اس کے 24 اکبر روڈ پر واقع دفتر اور پانچ رائسینا روڈ پر واقع یوتھ کانگریس کے دفتر کو خالی کرنے کے لیے کہا ہے۔ ذرائع کے مطابق، ڈائریکٹوریٹ آف اسٹیٹس نے نوٹس بھیج کر کانگریس سے یہ دونوں دفاتر 28 مارچ تک خالی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ کانگریس پارٹی نے گزشتہ سال اپنا ہیڈکوارٹر 'اندرا بھون' منتقل کر لیا تھا، لیکن وہ 24 اکبر روڈ پر اپنا دفتر برقرار رکھے ہوئے ہے۔

## دہلی میں بین الاقوامی اسلحہ اسمگلنگ ریکیٹ کا پردہ فاش، 10 گرفتار

## کارروائی کے دوران 21 غیر ملکی اور انتہائی جدید ہتھیار برآمد کئے گئے/ پولیس

سرینگر/ یو پی آئی/ دہلی پولیس نے بدھ کے روز ایک بڑی کارروائی انجام دیتے ہوئے پاکستان، نیپال اور بنگلہ دیش سے جڑے بین الاقوامی اسلحہ اسمگلنگ ریکیٹ کو بے نقاب کر دیا اور اس گینگ کے دس ارکان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق یہ نیٹ ورک نہایت منظم انداز میں غیر ملکی ساختہ جدید اسلحہ بھارت میں اسمگل کر کے مختلف جرائم پیشہ گروہوں تک پہنچاتا تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ کارروائی کے دوران 21 غیر ملکی اور انتہائی جدید ہتھیار برآمد کئے گئے جن میں سب مشین گنز، آٹومیٹک پستولیں اور دو سو سے زیادہ زندہ کارتوس شامل ہیں۔ برآمد شدہ اسلحے میں چیک ریپبلک میں تیار کردہ سب مشین گن کے علاوہ متعدد ممالک کی پستولیں شامل ہیں جن میں خصوصی فورسز کی جانب سے استعمال ہونے والی PX-5.7 پستولیں، ترکی کی اسٹوگر، چین کی PX-3، چیک ریپبلک کی شیڈو CZ، اٹلی کی بریٹا، برازیل کی ٹارس اور جرمنی کی والتر پستول شامل ہیں۔ ابتدائی تحقیقات سے انکشاف ہوا ہے کہ یہ گروہ سرحد پار موجود ہینڈلرز سے رابطے میں رہ کر ہتھیاروں کی ترسیل کا کام انجام دیتا تھا۔

## جموں و کشمیر میں خواتین کے خلاف سائبر جرائم کے 68 معاملات

## جموں و کشمیر میں فی الوقت دو سائبر پولیس اسٹیشن موجود ہیں/ رپورٹ

سرینگر/ یو پی آئی/ مرکزی حکومت نے لوک سبھا کو بتایا کہ سال 2023 میں جموں و کشمیر میں خواتین کے خلاف سائبر جرائم کے 68 معاملات درج ہوئے، جو گزشتہ برسوں کے مقابلے میں واضح اضافہ ہے۔ یہ معلومات ارکانِ پارلیمان کا کولی گھوش دستیدار کی جانب سے پوچھے گئے ایک غیر ستارے والے سوال کے جواب میں فراہم کی گئیں۔ وزیرِ مملکت برائے امورِ داخلہ بندی سنجے کمار نے بتایا کہ نیشنل کرائم ریکارڈز بیورو (این سی آر بی) کے مطابق جموں و کشمیر میں خواتین کے خلاف سائبر جرائم کے 39 معاملے 2021 میں، 39 معاملے 2022 میں جبکہ 68 معاملے 2023 میں درج ہوئے، جو ان واقعات میں مسلسل بڑھوتری کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سائبر جرائم کی تفتیش کی ذمہ داری بنیادی طور پر ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی ہے، کیونکہ 'پولیس' اور 'عوامی نظم' آئین کے تحت ریاستی موضوعات میں آتے ہیں۔ وزیر نے مزید بتایا کہ مرکز ریاستوں اور یوٹیز کی مدد کے لیے مختلف مشاورتی ہدایات/ 7

## جموں میں بین الاقوامی سرحد پر

## پاکستانی درانداز گرفتار/ پولیس

سرینگر/ یو پی آئی/ بین الاقوامی سرحد پر جموں و کشمیر کے ضلع سانبہ میں بدھ کے روز بارڈر سیکورٹی فورس نے ایک پاکستانی درانداز کو حراست میں لے لیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق، بی ایس ایف کے چوکس جوانوں نے رام گڑھ سیکٹر میں بارڈر آؤٹ پوسٹ بھالر کے سامنے پاکستانی علاقے میں مشتبہ نقل و حرکت دیکھی، جس کے بعد فورس نے الرٹ جاری کیا۔ اہلکاروں نے بتایا کہ ایک معمر پاکستانی شہری جب سرحد پار کر کے بھارتی حدود میں داخل ہوا تو اسے فوراًللکارا/ 6

## LG اور وزیر اعلیٰ کی طرف سے

## رام نومی کے موقعہ پر عوام کو مُبارک باد

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے رام نومی کے موقعہ پر عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اُنہوں نے اَپنے مُبارک بادی کے پیغام میں کہا،''میں رام نومی کے موقعہ پر سب کو اپنی دلی مبارکباد اور نیک خواہشات پیش کرتا ہوں۔ یہ تہوار مریادا پرشوتم بھگوان شری رام کی یومِ پیدائش کی یاد دِلاتا ہے جو اخلاقیات اور راستبازی کی اعلیٰ مثال ہیں۔ ان کی مثالی زندگی ہمدردی، عاجزی، سچائی کے لئے عزم، فرض کی بے لوث لگن اور نظم و ضبط جیسے دیرپا اصولوں کی روشن علامت ہے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں و کشمیر کے لوگوں کو رام نومی کے موقعہ پر دلی/ 8

## تمام محکموں میں بھرتی کے عمل میں یکسانیت کو یقینی بنایا جائے/ چیف سیکریٹری

## انتظامیہ میں شفافیت، کارکردگی اور ملازمین کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے پر زور



جموں/ چیف سکریٹری اٹل ڈولو نے بدھ کو موجودہ صورتحال کا جائزہ لینے اور جموں و کشمیر کے مختلف محکموں میں بھرتی کے قواعد (RRs) کی تازہ کاری میں تیزی لانے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی، جس میں عوامی انتظامیہ میں شفافیت، کارکردگی اور ملازمین کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ میٹنگ میں کمشنر سکریٹری، اے آر آئی اور ٹریننگ ڈپارٹمنٹ کے علاوہ دیگر محکموں کے انتظامی سکریٹریوں نے شرکت کی۔ جے کے این ایس کے مطابق میٹنگ سے خطاب کرنے کے دوران بھرتی کے قواعد کو بروقت حتمی شکل دینے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے، چیف سکریٹری اٹل ڈولو نے تمام انتظامی سکریٹریوں کو ہدایت کی کہ وہ اے آر آئی اور ٹریننگ ڈیپارٹمنٹ کیساتھ قریبی تال میل میں کام کریں تاکہ اس عمل کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جا سکے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ شفاف، میرٹ پر مبنی اور موثر بھرتی کے فریم ورک کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ تمام محکموں میں خالی آسامیوں کو فوری طور پر پ±ر کرنے کے لیے اپڈیٹ شدہ اور اچھی طرح سے تشکیل شدہ بھرتی کے قوانین بہت اہم ہیں۔ ملازمین کی فلاح و بہبود اور انتظامی کارکردگی کے تئیں حکومت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے چیف سکریٹری نے واضح ہدایات جاری کیں کہ پوری مشق کو مشن موڈ میں آگے بڑھایا جائے، تاخیر کو ختم کیا جائے اور تمام محکموں میں بھرتی کے عمل میں یکسانیت کو/ 9

## وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت آج کابینہ کا ایک اہم اجلاس ہوگا

## تقرریوں کے معاملات کو بھی آخری شکل دینے کا امکان

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں و کشمیر میں موجودہ سیاسی و انتظامی صورتحال کے درمیان وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی سربراہی میں جمعرات کی سہ پہر ایک اہم کابینہ میٹنگ جموں میں منعقد ہو رہی ہے، جسے نہایت اہمیت کا حامل قرار دیا جا رہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اس اجلاس میں مختلف محکموں کی تازہ پیش رفت، ترقیاتی منصوبوں کی رفتار اور عوامی ضروریات سے متعلق معاملات پر تفصیلی غور وخوض کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ انتظامی سطح پر رکے ہوئے فیصلوں اور تقرریوں کے معاملات کو بھی آخری شکل دینے کا امکان ہے۔ حکومت کی جانب سے کچھ اہم اعلانات بھی متوقع ہیں، خصوصاً اُن شعبوں سے متعلق جن میں اصلاحات اور تیز رفتار کارروائی کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے۔ باوثوق ذرائع نے یو پی آئی کو بتایا کہ کابینہ اجلاس میں عوامی خدمات کی فراہمی، بجلی و پانی کی صورتحال، روزگار سے متعلق اسکیموں اور ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت پر بھی علیحدہ بریفنگ دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ہر محکمے سے جامع رپورٹ طلب کر چکے ہیں اور واضح ہدایات دی گئی ہیں کہ عوامی مفاد کے کاموں میں کسی بھی تاخیر کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ مجموعی طور پر یہ اجلاس حکومتی سطح پر آئندہ اقدامات کے تعین میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔

